رسائل و مسائل

"ایک تفسیری سوال"

سوال: قرآن شریف کا مطالعہ کرتے وقت بعض ایسے قوی شبہات و شکوک طبیعت میں پیدا ہو جاتے ہیں جو ذہن کو کافی پریشان کر دیتے ہیں۔ ایک طرف تو نقص ایمان کا خطرہ لاحق ہوتا ہے کہ کہیں قرآن کی آیات پر نکتہ چینی و اعتراض کرنے سے ایمان میں خلل نہ واقع ہو جائے لیکن آیت کا صحیح مفہوم و مطلب نہ سمجھ میں آنے کے باعث شک میں اضافہ ہونے لگتا ہے۔ میں ان آیات کا مطلب سمجھنے کے لیے اردو و عربی تفاسیر کا بغور مطالعہ کرتا ہوں لیکن طبیعت مطمئن نہیں ہوتی اور اضطراب دور نہیں ہوتا تو پھر گاہ گاہ جناب کی طرف رجوع کرتا ہوں مگر آپ کبھی مختصر جواب دے کر ٹال دیتے ہیں، البتہ آپ کے مختصر جوابات بعض اوقات تسلی بخش ہوتے ہیں۔ آج صبح کو میں حسب دستور تفسیر کا مطالعہ کر رہا تھا۔ سورۂ یٰسین زیر مطالعہ تھی کہ مندرجہ ذیل آیت پر میں ٹھہر گیا: لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ (تاکہ تم ڈراؤ ان لوگوں کو جن کے آبا و اجداد نہیں ڈرائے گئے تھے پس وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں)۔ اس کی تفسیر میں یہ الفاظ تحریر تھے: لان قریش لم یاتهم نبی قبل محمد صلی اللہ علیہ وسلم (کیونکہ قریش کی طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کوئی نبی نہیں آیا تھا)۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ قبل از بعثت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ سرزمین عرب میں کوئی نبی و رسول مبعوث نہیں ہوا تو پھر کیا یہ لوگ اصحاب الجنہ ہونگے یا اصحاب النار یا اصحاب اعراف میں سے ہونگے؟ اسی مضمون کی کچھ اور آیات بھی قرآن مجید میں موجود ہیں۔ عقل کا تقاضا تو یہ ہے کہ

جن قوموں پر اتمام حجت نہیں ہوا وہ بری الذمہ ہونی چاہییں۔ البتہ وہ لوگ جن کے کانوں تک پیغمبر اسلامؐ کی دعوت پہنچ چکی ہو، پھر وہ ایمان سے منہ موڑیں تو یہ لوگ واقعی معتوب ہونے چاہییں۔

ایک دوسری آیت اسی مقصد کی تائید کرتی ہے وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا (ہم عذاب دینے والے نہیں ہیں جب تک کہ رسول نہ بھیج دیں)۔

اسی طرح ایک اور الجھن بھی ہے۔ امید ہے کہ آپ اسے بھی حل فرما دیں گے۔ کیا دل اور عقل ایک ہی چیز ہیں یا ان دونوں کے وجود الگ الگ ہیں؟

جواب۔ قرآن مجید سے جو اصولی بات معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں پکڑ اسی شخص اور گروہ کی ہوگی جسے دعوتِ حق پہنچی ہو۔ اب یہ بات کہ دعوت کس کو پہنچی اور کس کو نہیں پہنچی، اور کون بے خبر ہے اور کون باخبر، اسے اللہ تعالیٰ خود ہی جانتا ہے اور وہی اس کا فیصلہ کرے گا۔ یہ سوال ہم سے متعلق ہی نہیں ہے۔ پھر ہم کیوں اس کا فیصلہ کرنے بیٹھ جائیں؟ اللہ کے سوا کوئی بھی نہیں جانتا کہ کس کو کب، کہاں اور کس شکل میں دعوت پہنچی ہے، اور اس نے اگر اس دعوت کو قبول نہیں کیا ہے تو کیوں نہیں کیا ہے۔ اور کون ہے جسے دعوت کبھی کسی حد تک بھی نہیں پہنچی۔ نیز یہ بھی اللہ ہی جانتا ہے اور وہی اس کا فیصلہ کرنے والا ہے کہ کس سے کس بات کی باز پرس کرتی ہے اور کس بات کے لیے وہ مسئول نہیں ہے۔ اس لیے ان سوالات کے حل کرنے میں ہمیں اپنے دماغ کو بلاوجہ پریشان نہیں کرنا چاہیے۔ ہمیں تو دراصل فکر اس بات کی ہونی چاہیے کہ ہم تک دعوت پہنچ چکی ہے اور ہم کو اپنی جواب وہی لازماً کرنی ہوگی۔ نیز جن لوگوں کے متعلق ہمیں معلوم ہے کہ ان کو دعوت نہیں پہنچی ان کو پہنچانے کی ذمہ داری بھی ہم پر عائد ہوتی ہے۔

قرآن جسے قلب یا فواد کہتا ہے وہ بالکل عقل کا ہم معنی نہیں ہے بلکہ عقل اس کے مددگاروں میں سے ایک ہے۔ اصل میں فواد سے مراد وہ چیز ہے جو انسان کے اندر کسی چیز کے اخذ و ترک کا فیصلہ کرتی ہے۔ اس فیصلے میں حواس، علم، عقل، جذبات، خواہشات سب